# AKASHVANI NEWS SRINAGAR

## Text of Urdu News Bulletin

**Dated : 03-09- 2026**

**Time : 07:40 PM**

---

آداب

یہ آکاشوانی سرینگر ہے۔

خبروں کا بلیٹن لیکر میں سید تجمل اندرابی

پہلے اہم خبروں کی سرخیاں۔

ہیڈ لائنز

✓ (۱) ----- لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا قومی راجدھانی میں پیٹرولیم کے مرکزی وزیر سے ملاقی // کئی معاملات پر تبادلۂ خیال۔

✓ (۲) ----- وزیر اعلیٰ نے تکنیکی تعلیم کا ماحول پیدا کرنے اور نوجوانوں کیلئے روزگار کے بامعنی مواقعے پیدا کرنے کے سرکار کے عزم کا کیا اظہار

✓ (۳) ----- مرکزی داخلہ سیکریٹری نے ہمالیائی ریاستوں اور یوٹیز میں گلیشروں کے خطرات اور امکانی سیلابی صورتحال سے نمٹنے کی تیاریوں کا لیا جائزہ۔

اور

✓ (۴) ----- بھارت اور بلجیم کے درمیان قابل تجدید توانائی سمیت کئی شعبوں میں مفاہمت نامے طے۔

ایل جی

لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے آج نئی دلی میں پیٹرولیم اور قدرتی گیس کے مرکزی وزیر ہردیپ سنگھ پوری سے ملاقات کی۔

دونوں رہنماؤں نے مختلف معاملات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔مرکزی وزیر نے جموں وکشمیر کے ایل جی سے اس ملاقات پر مسرت کا اظہار کیا۔

عمر عبداللہ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کی صدارت میں آج سرینگر ڈیولپمنٹ اتھارٹی کے بورڈ آف ڈائریکٹرس کی 85ویں اور جموں ڈیولپمنٹ اتھارٹی کے بورڈ آف ڈائریکٹرس کی 91ویں میٹنگ منعقد ہوئی۔

ان میٹنگوں میں شہری ترقیات سے متعلق ترتیب دیئے گئے منصوبوں کی عمل آوری اور ان دونوں شہروں میں طرز زندگی میں مزید آسانی پیدا کرنے کے مختلف پہلوؤں پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔

اسی دوران وزیر اعلیٰ نے آج گورنمنٹ پالی ٹیکنیک کالج سرینگر کئی ترقیاتی کاموں کا سنگِ بنیاد رکھنے کے علاوہ کولگام، کپواره، کشتواڑ، اور رام بن اضلاع کے گورنمنٹ پالی ٹیکنیک کالجوں میں 4 کروڑ 20 لاکھ روپے کے لاگت والے اَپ گریڈ شدہ بنیادی ڈھانچے کے پروجیکٹوں کا ای۔افتتاح کیا۔

وزیر اعلیٰ نے تکنیکی تعلیم کو مضبوط کرنے اور جموں وکشمیر کے نوجوانوں کیلئے روزگار کے بامعنی مواقعے پیدا کرنے کے سرکار کا عزم ظاہر کرتے ہوئے ایسے کچھ طالب علموں کی عزت افزائی کی، جو سمندر پار روزگار حاصل کرنے میں کامیاب رہے۔

سی ایم ملاقات

دریں اثنا پیٹرولیم اور قدرتی گیس ریگولیٹری بورڈ کے چیئر پرسن ڈاکٹر انیل کمار جین کی سربراہی میں ایک وفد نے آج وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ سے ملاقات کی۔وفد کے ارکان نے جموں کشمیر میں تیل اور گیس کے بنیادی ڈھانچے کو فروغ دینے کے اہم پہلوؤں پر وزیر اعلیٰ سے تبادلہ خیال کیا۔اسی دوران بھارت میں بنگلہ دیش کے ہائی کمشنر ایم ریاض حمید اللہ نے بھی آج سیول سیکریٹریٹ سرینگر میں وزیر اعلیٰ سے ملاقات کرکے باغبانی، طبی تعلیم اور باہمی دلچسپی کے کئی معاملات پر تبادلۂ خیال کیا۔اس دوران کئی دیگر وفود اور اہم شخصیات نے بھی وزیر اعلیٰ سے ملاقات کی۔

اسمبلی اجلاس

قانون، انصاف اور پارلیمانی امور کے محکمے کے کمشنر سیکریٹری اَچل سیٹھی نے سرینگر میں ایک میٹنگ میں اسمبلی کے آئندہ اجلاس کے دوران نیشنل ای ودھان ایپلی کیشن کی عمل آوری کے سلسلے میں تیاریوں کا جائزہ لیا۔

انہوں نے اجلاس شروع ہونے سے پہلے تمام تکنیکی اور انتظامی امور کو مکمل کرنے کے ساتھ ساتھ مختلف محکموں کے مابین بہتر تال میل کی ضرورت پر زور دیا۔

انہوں نے کہا کہ آئندہ اسمبلی اجلاس، پیپر **Less** اسمبلی کی ایک مثال پیش کرے گا اور ایوان کی تمام کاروائی ڈیجیٹل پلیٹ فارم کے ذریعے انجام دی جائے گی۔

جاوید ڈار

زراعت کے وزیر جاوید احمد ڈار نے مختلف محکموں کے افسران کو لوگوں کے مسائل حل کرنے اور عوامی مطالبات کو ترجیحی بنیادوں پر پورا کرنے کی ہدایت دی ہے۔

یہ ہدایات انہوں نے آج اُن سے ملنے آئے عوامی وفود کے ساتھ بات چیت کے بعد جاری کیں۔ وزیر موصوف نے لوگوں کے مسائل سننے کے بعد کہا کہ موجودہ سرکار عوام کی راحت رسانی کیلئے وعدہ بند ہے۔

جاوید رانا

جنگلات و ماحولیات کے وزیر جاوید احمد رانا نے کہا ہے کہ جھیل ڈل اور دیگر آبی ذخائر کو تحفظ فراہم کرنا تمام متعلقہ ایجنسیوں اور عوام کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ اس بات کا اظہار انہوں نے آج سرینگر میں ایک میٹنگ کے دوران کیا جو جھیل ڈل کی موجودہ صورتحال اور اس کی آلودگی کے مختلف پہلوؤں کا جائزہ لینے کیلئے طلب کی گئی تھی۔

میٹنگ میں حکام کی جانب سے عملائے جارہے قلیل اور طویل مدتی اقدامات کا بھی جائزہ لیا گیا۔ وزیر نے ماحولیات کو آلودگی سے پاک رکھنے کیلئے جھیل ڈل کو تحفظ فراہم کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔

چیف سیکریٹری

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے آج سرینگر میں افسران کی ایک میٹنگ طلب کرکے وادی کے دریائے جہلم اور جموں کے چناب دریا میں آبی ٹرانسپورٹ شروع کرنے کے منصوبے کا جائزہ لیا۔ میٹنگ کے دوران سیکریٹری ٹرانسپورٹ اَونی لواسا نے اب تک کی حصولیابیوں کے بارے میں تفصیلی جانکاری دی۔

چیف سیکریٹری نے اس منصوبے کی عمل آوری میں مطلوب بنیادی ڈھانچے کی تعمیر کو وقت مقررہ کے اندر پائیہ تکمیل تک پہنچانے کی ہدایت دی۔ انہوں نے مرکزی سرکار کی **PM-e-Drive** کے تحت الکٹرک موبلٹی انفراسٹرکچر کو لانچ کرنے کی تیاریوں کا بھی جائزہ لیا۔

اٹل ڈلو

ایک اور میٹنگ میں چیف سیکریٹری نے کشمیر صوبے کے تمام **10** اضلاع میں کشمیری مائیگرنٹوں کی جانب سے اپنی جائیدادوں سے متعلق درج کی گئی شکایتوں پر کاروائی کا بھی جائزہ لیا۔
انہوں نے صوبائی کمشنر اور تمام ڈپٹی کمشنروں کو ان شکایتوں کا بروقت نپٹارہ یقینی بنانے کی ہدایت دی۔

آئی جی پی

آئی جی پی کشمیر سجیت کمار نے آج اننت ناگ کا دورہ کرکے ضلع میں سیکورٹی صورتحال کا جائزہ لیا۔ میٹنگ کے دوران آئی جی پی نے ضلع کے مجموعی سیکورٹی صورتحال کا جائزہ لیتے ہوئے مختلف سیکورٹی ایجنسیوں کے درمیان قریبی تال میل پر زور دیا۔
انہوں نے فیلڈ افسران پر زور دیا کہ وہ سماج دشمن عناصر پر قریبی نظر رکھتے ہوئے ضلع میں امن وقانون کی صورتحال کو بنائے رکھیں۔

بریک

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سن رہے ہیں۔
خبریں اور آکاشوانی کے دیگر پروگرام آپ صرف آکاشوانی کے موبائیل اپلیکیشن News on AIR، WAVES
او ٹی ٹی پلیٹ فارم اور پرسار بھارتی کی ویب سائٹ www.prasarbharti.gov.in کے علاوہ DTH پر بھی سماعت کرسکتے ہیں۔
اس کے علاوہ کوئی بھی دوسری ایپ یا ویب سائٹ پرسار بھارتی سے وابستہ یا منظور شدہ نہیں ہے۔

GONG

بھارت بلجیم

بھارت اور بلجیم نے قابل تجدید توانائی، سائبر کرائم اور سفارتکاری سے متعلق تربیت کے شعبوں میں آپسی مفاہمت نامے طے کئے ہیں۔ دونوں ملکوں نے دفاعی شراکت داری کے تعلق سے بھی مستقبل میں مفاہمت نامہ طے کرنے کا قول وقرار کیا ہے۔

نئی دلی میں وزیر اعظم نریندر مودی اور ان کے بلجیم کے ہم منصب **Bart De Wever** کے درمیان دوطرفہ بات چیت کے بعد ان مفاہمت ناموں پر دستخط کئے گئے۔ بعد میں وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا کہ بھارت اور بلجیم نے اگلے **5** برسوں کے دوران آپسی تجارت کو دوگنا کرنے پر بھی اتفاق کیا ہے۔

**------PM Cut-1----------**

وزیر اعظم نے کہا کہ بھارت اور بلجیم نے علاقائی اور عالمی نوعیت کے معاملات پر بھی تبادلہ خیال کیا۔ دونوں ممالک نے کسی بھی قسم کی دہشتگردی کو جڑ سے اکھاڑ پھینکنے کی وکالت کی۔

**------PM Cut-2----------**

راج ناتھ سنگھ بلجیم

دریں اثناء وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے آج بلجیم کے اپنے ہم منصب **Theo Francken** سے ملاقات کر کے باہمی مفادات کے کئی معاملات پر تبادلہ خیال کیا۔

نیپال

نیپال میں آئے تباہ کن سیلاب میں ہلاکتوں کی تعداد لگاتار بڑھ رہی ہے۔ حکام کے مطابق فوت ہونے والوں کی تعداد ایک ہزار **250** تک پہنچ گئی ہے، جبکہ تقریباً **4** ہزار افراد ابھی بھی لاپتہ ہیں۔ نیپال کے فوجی اہلکاروں اور دیگر سیکورٹی ایجنسیوں نے اب تک تقریباً **12** ہزار افراد کو بچا کر محفوظ مقامات تک پہنچایا ہے۔

بچاؤ کاروائیوں میں بھارتی ٹیم بھی شامل ہے۔ دریں اثناء بھارت نے اب تک **74** ٹن امدادی ساز وسامان نیپال بھیجا ہے جس میں ساڑھے پانچ ٹن ادویات اور طبی ساز وسامان بھی شامل ہے۔

گووِند موہن

مرکزی داخلہ سیکریٹری گووند موہن نے آج نئی دلی میں اعلیٰ سطح کی ایک میٹنگ کے دوران ہمالیائی ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں میں گلیشر وں کے خطرات اور برفانی تودے گرآنے کی صورت میں پیدا ہونے والی امکانی صورتحال سے نمٹنے کیلئے تیاریوں کا جائزہ لیا۔

میٹنگ میں جموں کشمیر کے چیف سیکریٹری اٹل ڈلو کے علاوہ اترا کھنڈ، ہماچل پردیش، سکم اور اروناچل پردیش کے چیف سیکریٹری اور دیگر حکام بھی موجود تھے۔ میٹنگ کے دوران ریاستوں اور یوٹیز کے حکام نے اس سلسلے میں ترتیب دیے گئے منصوبوں کے بارے میں مرکزی داخلہ سیکریٹری کو تفصیلات دیں۔ گووند موہن نے اس سلسلے میں نگرانی کے عمل کو مستحکم بنانے اور لوگوں میں بیداری پیدا کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے متعلقین کے درمیان قریبی تال میل کی ضرورت بھی اجاگر کی۔

ہیجن

بڈگام ضلع کے چاڈورہ میں غیر معروف سیاحتی مقام ہیجن بریناور میں سیاحتی ڈھانچے کو فروغ دینے کیلئے عملی کارروائی شروع کی گئی ہے جس کے نتیجے میں ضلع کے لوگوں میں خوشی کی لہر دوڑ گئی ہے۔

سماج کے مختلف طبقوں سے تعلق رکھنے والے لوگوں نے یہ کام شروع کروانے کیلئے چرار شریف کے ممبر اسمبلی عبدالرحیم راتھر کے تئیں شکریہ ادا کیا ہے۔ 68 لاکھ روپے کی تخمینہ لاگت والے اس کام کیلئے آج باضابطہ ٹینڈر جاری کیا گیا۔

این سی

نیشنل کانفرنس نے کہا ہے کہ جموں وکشمیر کے ریاستی درجے کی بحالی کے حق میں اس جماعت کی جدوجہد جاری رہے گی۔

پارٹی کی جانب سے جاری ایک پریس بیان میں نیشنل کانفرنس کے لیڈروں نے الزام عائد کیا ہے کہ اس سلسلے میں کل نکالی گئی احتجاجی ریلی کو پولیس اور فورسز نے طاقت کے بل پر روک دیا اور پارٹی کے کئی لیڈروں کو حراست میں بھی رکھا گیا۔

دریں اثناء نیشنل کانفرنس کی طرف سے آج پارٹی ہیڈکوارٹر سرینگر میں 8 ستمبر کو منائے جانے والے شیر کشمیر کے 43 ویں یوم وصال کے بارے میں پروگرام کو حتمی شکل دینے کی غرض سے ایک اجلاس منعقد ہوا۔

حکیم یاسین

پیپلز ڈیموکریٹک فرنٹ کے چیئرمین حکیم محمد یاسین نے نیشنل کانفرنس اور بی جے پی پر لوگوں کے جذبات کے ساتھ کھلواڑ کرنے کا الزام عاید کیا ہے۔

انہوں نے کہا کہ جموں وکشمیر کے لوگ سیاسی نعروں کے بجائے باوقار طور پر جموں وکشمیر کے ریاستی درجے کی بحالی چاہتے ہیں۔

جے ڈی یو

جنتا دل یونائیٹڈ کے صدر جی این شاہین نے کہا ہے کہ نیشنل کانفرنس اور بھارتیہ جنتا پارٹی کو اپنے سیاسی بیان بازی کو بالائے طاق رکھ کر عوام کے جائز مطالبات کو پورا کرنے پر توجہ مرکوز کرنی چاہیئے۔

ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ اگر یہ دونوں جماعتیں ایک دوسرے کے خلاف لفظی جنگ کرنے کے بجائے عوامی معاملات پر توجہ مرکوز کریں تو وہ لوگوں کی حقیقی خدمت ہوگی۔

عرس

نیشنل کانفرنس کے جنرل سیکریٹری اور ایم ایل اے خانیار علی محمد ساگر نے آج خانیار میں زیارتِ پیر دستگیر صاحب رحمۃ اللہ علیہ کا دورہ کیا۔ انہوں نے وہاں سالانہ عرس کے سلسلے میں کئے گئے انتظامات کا جائزہ لیا۔

واضح رہے کہ عرس کے سلسلے میں ایام متبرکہ کا آغاز 29 ربیع الاول یعنی 12 ستمبر سے ہو رہا ہے۔

مبارکباد

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے جنم اشٹمی کے موقعے پر عوام کو مبارکباد پیش کی ہے۔ مبارکبادی کے اپنے پیغام میں انہوں نے تمنا ظاہر کی ہے کہ یہ تہوار فرقہ وارانہ ہم آہنگی، آپسی بھائی چارے اور باہمی احترام کی نوید لیکر آئے۔

نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے بھی عوام خاص طور پر ہندو برادری کو مبارکباد پیش کی۔

جماعت اسلامی

پولیس نے سوپور میں سال 2025 میں درج کئے گئے ایک معاملے کے تعلق سے ممنوعہ تنظیم جماعت اسلامی کی دو عمارتوں، 6 دکانوں اور 2 کنال اراضی کو اٹیچ کیا ہے۔

نعتیہ مشاعرہ

ساگر کلچرل فورم نامی ادبی تنظیم کے اہتمام سے آج سنگھ پورہ پٹن میں ایک نعتیہ مشاعرہ منعقد ہوا۔
اس محفل میں کئی شعرا نے پیغمبر آخر الزماں محمد مصطفیٰ ﷺ کے تئیں اپنا منظوم خراج عقیدت پیش کیا۔

اگریکلچر

محکمہ زراعت نے اہم زرعی مواد کی وقت پر بکنگ اور اسے جلد از جلد اپنے اپنے مقامات تک پہنچانے کی غرض سے ڈاک محکمے کے ساتھ ایک مفاہمت نامے پر دستخط کئے ہیں۔
مفاہمت نامے پر ڈائریکٹر ایگریکلچر کشمیر سرتاج احمد شاہ اور **ASP** ہیڈکوارٹر ڈویژن سرینگر رمیش لال شرما نے دستخط کئے۔

کیمیکل انجینئرس

سرینگر میں انسٹی چیوشن آف انجینئرس کے اہتمام سے منعقد ہوا **41** واں کیمیکل انجینئرس نیشنل کنووکیشن اور نیشنل سمینار آج اختتام پذیر ہوا۔
اس **2** روزہ سمینار کے دوران کاربن کے اخراج کو کم کرکے معیشت کو مزید مستحکم بنانے کے لئے بائیوماس کے استعمال کے مختلف پہلوؤں پر تفصیلی تبادلۂ خیال ہوا۔

دراس فیسٹیول

مرکز کے زیرانتظام علاقے لداخ میں کل یعنی **4** ستمبر سے دوروزہ دراس فیسٹول شروع ہو رہا ہے۔
اس فیسٹول کے دوران دراس کے سیاحتی اور تمدنی منظرنامے کے علاوہ مہم جویانہ سرگرمیوں کی نمائش کی جائے گی۔
دراس کے ڈپٹی کمشنر امتیاز کاچو نے آکاشوانی کے نمائندے سے بات کرتے ہوئے کہا کہ دراس کو ضلع کا درجہ دیئے جانے کے بعد اس میلے کی اہمیت مزید بڑھ گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ میلے کے احسن انعقاد کیلئے تمام تیاریاں مکمل کی گئی ہیں۔

نتن گڈکری

سڑک ٹرانسپورٹ اور شاہراؤں کے مرکزی وزیر نتن گڈکری نے کہا ہے کہ آٹو موبائیل شعبے میں بھارت عالمی لیڈر بننے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ انڈین آٹو موبائیل مینوفیکچرنگ سوسائٹی کے 66ویں سالانہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے مرکزی وزیر نے کہا کہ 22لاکھ 75ہزار کروڑ روپے کی یہ صنعت اِس وقت کل GST کا 15 فیصد حصہ ادا کرتی ہے۔

--------Gadkari--------

اسرو

بھارتی خلائی تحقیق کی تنظیم ISRO کل سری ہری کوٹا میں ستیش دھون خلائی مرکز سے EOS-05 ارتھ آبزرویشن سیٹلائٹ لانچ کرے گی۔ اسرو کے چیئرمین وی نارائنن نے ایک پریس کانفرنس کے دوران بتایا کہ یہ سیٹلائٹ رات کے 2 بجکر 55 منٹ پر خلاء میں بھیجا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ اس مشن سے زمین سے متعلق مزید جانکاری حاصل کرنے میں مدد ملے گی۔

کرکٹ

خواتین کے ایشیا کپ T-20 کرکٹ ٹورنامنٹ کے ایک میچ میں آج بھارت کا مقابلہ ہانگ کانگ سے ہوگا۔ گروپ ’اے‘ میں بھارت کا یہ دوسرا میچ آج شام دوبئی کے انٹرنیشنل سٹیڈیم میں کھیلا جائے گا۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق اب سے تھوڑی دیر بعد یعنی 8 بجے سے شروع ہورہا ہے۔ واضح رہے کہ اپنے پہلے میچ میں بھارت نے تھائی لینڈ کو 94 رن سے شکست دی تھی۔

موسم

محکمہ موسمیات کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے 24 گھنٹوں کے دوران کہیں کہیں پر گرج چمک کے ساتھ ہلکی بارش کا امکان ہے۔ سرینگر میں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 32.5 ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 17.5 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔ جموں میں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 33.1 ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 22.7 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

سرینگر میں کل طلوع آفتاب صبح 6 بجکر 6 منٹ اور غروب آفتاب شام 6 بجکر 53 منٹ پر ہوگا۔

Closing

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا۔ خدا حافظ۔